بر این وجہ ہم آپ سے پر زور مطالبہ کرتے ہیں کہ شریعت بل پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ۔

۱۔ نشر و اشاعت کے سرکاری و غیر سرکاری اداروں کو قانونی و انتظامی لحاظ سے پابند کیا جائے کہ وہ ٹی وی و ریڈیو پر نشر ہونے والے تمام پروگراموں مع اشتہارات نیز اخبارات اور رسائل و جرائد میں شائع ہونے والے جملہ مواد کو اسلامی تہذیب، اخلاقیات و روایات کے فروغ کے پاسبان و امین بنائیں نہ کہ زوال پذیر بیمار مغربی تہذیب کی نقالی کے علمبردار و آلہ کار ۔

۲۔ سرکاری و پرائیویٹ ٹی وی چینلز (PTV 1-2 NTM STN) سے تمام غیر ملکی پروگراموں کی نشریات پر فی الفور پابندی عائد کی جائے ۔ حسب ضرورت غیر ملکی سائنسی و معلوماتی پروگراموں کو اردو و علاقائی زبانوں میں منتقل کر کے دکھایا جائے ۔

۳۔ ڈش اینٹینا کے استعمال کو پورے ملک میں ممنوع قرار دیا جائے ۔

۴۔ سپریم اپیلیٹ عدالت (جسٹس نعیم الدین سربراہ) کی سفارشات اکتوبر ۱۹۹۱ء کے مطابق اخلاق سوز جرائم و جنسی تشدد پر مبنی پاکستانی و غیر ملکی فلموں کی نمائش فوری طور پر موقوف کی جائے ۔

۵۔ گلی کوچوں میں چلنے والے ویڈیو شاپس و فلموں کے کاروبار کا یکسر خاتمہ کیا جائے ۔

اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے اور ہماری مدد فرمائے ۔ (آمین) والسلام ۔

جناب صوفی رشید احمد کا سانحۂ ارتحال ۔

حضرت مولانا فضل محمد صاحب مرحوم بانی جامعہ قاسم العلوم فقیر والی کے بڑے صاحبزادے حضرۃ مولانا محمد قاسم صاحب قاسمی مہتمم جامعہ قاسم العلوم فقیر والی کے بڑے بھائی جناب صوفی رشید احمد عید الاضحیٰ کے دن صبح ۱۰ بجے وفات پاگئے مولانا فضل محمد صاحب مرحوم جب دیوبند دورہ حدیث کیلئے مع اہلیہ تشریف لے گئے تو مولانا رشید احمد صاحب اس وقت دیوبند میں پیدا ہوئے تھے میاں اصغر حسین صاحب نے کان میں اذان دی تھی مرحوم نہایت ہی ملنسار ، خوش اخلاق اور ہر دلعزیز آدمی تھے جامعہ میں شعبہ تعمیرات کے انچارج تھے قارئین سے مرحوم کیلئے مغفرت و بلندی درجات کی دعا کی درخواست ہے ۱۰ ذوالحج کو رات بعد نماز مغرب جامعہ کے وسیع احاطہ میں نماز جنازہ ادا کی گئی بانی مرحوم کے پرانے رفیق کار مفتی عبداللطیف ہزاروی نے نماز جنازہ پڑھائی جنازہ میں بیشمار رش تھا زندگی کے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے لوگ جنازہ میں شریک ہوئے حضرۃ مولانا محمد قاسم صاحب قاسمی فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے تشریف لے گئے انکی عدم موجودگی میں سانحہ ارتحال اور حادثہ انتقال پیش آیا مرحوم نے پسماندگان میں ۳ بیٹے اور ۲ بیٹیاں چھوڑیں ۔ والسلام ۔ حافظ ولی محمد مہتمم جامعہ قاسم العلوم فقیر والی ضلع بہاولنگر ۔

۵ــــ رسالہ الحق جو خدمات انجام دے رہا ہے وہ ایک جہاد سے کم نہیں ۔ چونکہ یہ زمانہ تلوار کی جنگ کا نہیں لیکن قلم کا جہاد ضرور ہے ۔ آپ کو اللہ نے اس کی توفیق دی ہے ۔ اکرام اللہ بٹ ۔